الخطیبات **اقول** یہ بناے فاسد علی الفاسد اور توہم باطل ہے منشا اسکا عدم مطالعہ کتاب ذخیرہ ہے اسمین یہ قول سطح واقع ہے ذکر شیخ الاسلام فی شرح کتاب الشہادۃ الواحد اذا شہد علی ہلال رمضان اھ یہ معطوف علیہ وقال شمس الائمہ کا ذکر شیخ الاسلام ہے معترض کو معطوف علیہ قال شمس الائمہ کا معلوم نہوا اور باتباع ہواے نفس معطوف علیہ قال الاکثرون بتکلف ٹھہرایا معہذا تقدیر معطوف علیہ بلفظ قیل یا قال البعض بھی ہو سکتے تھے قال الاکثرون کی کیا ضرورت تھی پس اپنے قول وایاک ان تتبع الھوی پر کچھ عمل نکیا سچ ہے کیے ناصح برائے دیگران ناصح خود یافتم کم درجہان اور قول اکثر کا محل اختلاف حال صحو ہے غیم کما ذکرناہ اور فقط شیخ الاسلام کے نزدیک محل خلاف حال غیم ہے والحق یتبع السواد الاعظم فتامل **قال** بعض العلماء والمفہوم معتبر فی الروایات عند الحنفیۃ الخ **اقول** المفہوم المخالف معتبر فی الروایات اذا لم یکن خلافہ مصرح فی کلام الثقات وفیما نحن فیہ خلافہ مصرح فی کلام الفقہاء کما علمتہ مفصلاً فلا یکون معتبرا **قال** بعض العلماء ولو صاموا الخ **اقول** قائل نے یہ قول بھی درمختار کا نقل کیا اور استدراک اسکا جو صاحب درمختار نے کیا ہے یعنی قولہ لکن نقل ابن الکمال عن الذخیرۃ انہ ان غم ہلال الفطر حل اتفاقا اور تایید اسکی جو بقول محدث زیلعی کے ہے والا شبہ ان غم حل والا لا وہ کو حذف کیا اسیطرح ردالمحتار اور طحطاوی سے فقط شرح قولہ وغم ہلال الفطر نقل کی اور بعد اسکے جو شارحین نے تایید وتقویت حل فطر حال غیم بالاتفاق

مین بیان کیا ہی اوسکو حذف کیا یہ امر دیانت سے بعید ہی اور جواب استفتا مین یہ سب عبارات مذکور ہین **قال** بعض العلماء تو متون مین عدم حل فطر کا مطلقاً مبنی قول شیخین پر ہی ہان صورت تعیم فقط خلاف محمد کا ہی الخ **اقول** عبارات مطلقہ متون وغیرہ کا جواب مفصل سابق مذکور ہوا اور متون ہدایہ و شرح وقایہ صاف معلوم ہوتا ہی کہ نزدیک امام محمدؒ کے مطلق حال غیم و صحو مین فطر حلال ہی پس قول متون بھی حجت ہی قائل پر (اور یہ قول کہ ہان صورت تعیم مین فقط خلاف محمدؒ کا ہے) تحکم ہی ورنہ اسپر کوئی دلیل مطابقی چاہیے اور ابتک کسی عبارت منقولہ قائل سے صراحۃً و مطابقۃً یہ نہ معلوم ہوا کہ حال صحو مین امام محمدؒ کے نزدیک افطار جائز نہین **قال** بعض العلماء تو محل خلاف صحو قرار دینا جیسا کہ مجیب لبیب اول قرار دیتے ہین نسبت خفت و سخافت راے صاحب فطانت یعنی امام محمدؒ کو لازم آتی ہی وہ ہو بری منہا **اقول** درحقیقت یہ طعن و تشنیع ہی اجلہ فقہاے متقدمین و متاخرین پر جنھون نے محل خلاف حال صحو لکھا ہی مثل شمس الائمہ اور علامہ قاضیخان اور علامہ شرنبلالی اور علامہ طحطاوی اور شامی اور علامہ شیخ مصطفے اور صاحب مراقی الفلاح و نور الایضاح وغیرہم اور اکابر علماے مستندین پر جنھون نے محل خلاف مطلق یعنے حال غیم و صحو بیان کیا ہی مثل صدر الشریعہ اور صاحب ہدایہ اور کنز اور نہر الفائق وغیرہم کہ ان جمہور فقہاے عظام نے اس نسبت یعنی حل فطر حال صحو مین طرف امام محمدؒ کے خطا کی یا افترا کیا

اور اسقدر نہ سمجھے کہ اسمین سخت و سخافت رائی صاحب فطانت لازم آتی ہی معاذ اللہ

فہذا الکلام تشعر منہ جلود الذین یخشون ربہم ولا یتفوہ بہ جاہلا فضلا

عن الفاضل ولما قال محمد رح ثبت الفطر بحکم القاضی لا بقول الواحد فہو بری منہا

بلا مریۃ **قال** اور قول امام سے عدول کرنا بقول صاحبین او احدہما غیر جائز ہی

چہ جائیکہ احدہما بہما ابو یوسف رح متفق الرای ہو الخ **اقول** اولاً یہ بحث فیما نحن

فیہ سے خارج ہی اسواسطے کہ در حال غیم باتفاق ائمہ ثلاث فطر حلال ہی بقول

راجح مفتی بہ نہ بقول امام محمد رح فقط کما مر مفصلا وہو المطلوب ثانیاً اگر قاعدہ

مذکورہ مطلقا ہی تو منقوض ہی اکثر مسائل فقہیہ سے جنمین فتوی قول امام پر نہین دیا گیا کما لا

یخفی علی من طالع مسائل الفقہ لا سیما مسائل الماء والبیر وغیرہما ثالثاً

قول امام ہمام سے عدول نکرنا اوسوقت ہی جب تصریح ترجیح اوسکی خلاف کے قول مشائخ مین نپائی

جاوے و فیما نحن فیہ موجود کما مر فی رد المحتار وفی فتاوی ابن الشلبی لا یعدل عن قول الامام

الا اذا صرح احد من المشائخ بان الفتوی علی قول غیرہ وبہذا سقط

ما بحثہ فی البحر من ان علینا الافتاء بقول الامام وان افتی المشائخ

بخلافہ وقد اعترضہ محشیہ الخیر الرملی بما معناہ ان المفتی حقیقۃ

ہو المجتہد واما غیرہ فناقل لقول المجتہد فکیف یجب علینا الافتاء

بقول الامام وان افتی المشائخ بخلافہ ونحن انما نحکی فتواہم لا غیر

اہ انتہی **قال** بعض العلماء اور جو مجیب فطین کو دہوکا ہوا الخ **اقول** مجیب کو ہرگز

دھوکا نہین ہوا عبارات ثقات منقولہ جواب استفتا سے صاف ظاہر ہی کہ مجیبین کا
جواب خلاف تحقیق فقہا سے مستند ہی کما ذکرناہ سابقا فافہم وانصف ولا
تتبع الھوی **قال** بعض العلما کلام مجیب اول کا مخالف ہی **اقول** مخالفت
مجیب اول قول تنویر الابصار سے جسکا استدراک و تضعیف خود صاحب درمختار
اور علامہ طحطاوی اور شامی نے بیان کیا ہی اور اسیطرح مثل اوسکے سے قبیح نہین
خصوصًا جسوقت کہ محقق طحطاوی اس قول کو مقابل و مخالف تحقیق لکھتے ہین یا ن مخالف قول
مفتی اور اشبہ بالحق قبیح ہی جیسا کہ مجیب ثانی و ثالث نے اختیار کی ہی **قال** بعض العلما طحطاوی
اور رد محتار اور در مختار نے تو بکلمہ حصر انما الخلاف فیہ محل خلاف صورت تغیم قرار
دیا ہی **اقول** یہ معترض کا مغالطہ اور دھوکا ہی در مختار مین کوئی کلمہ حصر مذکور نہین
رد محتار مین اسکے خلاف پر کلمہ حصر وانما الخلاف اذا لم یغم موجود ہی ہان طحطاوی مین
بشرح قول تنویر الابصار وغم ھلال الفطر یہ لکھا ہی الواو للحال وقید بہ لاجل
قولہ فخلافا لمحمد لان خلافہ انما ھو فیہ اور بعد اسکے اس قول کی تضعیف
بنقل حلبی عن شمس الائمہ واختیار صاحب نور الایضاح و امداد الفتاح کی ہی اور مختار ان
دونون محققون کا یہی ہی کہ حال غیم مین اتفاق ہی کما ذکرتہ فتذکر **قال** بعض العلما
ہان البتہ شمس الائمہ محل خلاف برخلاف سبکے صورت صحو قرار دیتے ہین وھو لیس
ببعید کما حررنا من لزوم نسبۃ الخفۃ والسخافۃ الی ذی الفطانۃ وھو قبیح
اقول یہ قول شمس الائمہ کا اجتہادی نہین بلکہ وہ اتفاق ائمہ ثلاث حال غیم مین اور

اختلاف حال صحو مین نقل فرمائے ہین اکثر فقہانے یہ قول اونکا بیان کیا ہے اور کسی فقیہ
معتمد نے ابتک اونکے قول کے بوجہ من الوجوہ تضعیف نہین کی بلکہ اکثر نے اوسکی
تائید کی ہے اور اختیار کیا ہے اب اس زمانہ پر فتنہ مین معترض صاحب نے اپنے توہم
پر حکم لیس بجید اوسپر فرمادیا فاعتبروا یا اولی الالباب ان ہذا لشیٔ عجاب
قال بعض العلماء اور جو کثرت کتابون کی لکھی ہے فقط قول شمس الائمہ کا سب مین درج
اقول اولاً یہ تحکم رجماً بالغیب ہے اکثر کتب معتمدہ مثل قاضیخان و مراقی الفلاح و
کنز البیان وغیرہا مین اس قول کو منسوب طرف شمس الائمہ کے نہین کیا حسن بن زیاد
شاگرد امام اعظم نے امام ہمام سے اختلاف حال صحو مین نقل کیا ہے کما مر ثانیاً و لو سلم
پس جب اکثر محققین نے قول شمس الائمہ کو نقل کیا اور کسی نے اوسپر کچھ جرح و قدح
نکیا تو وہ قول راجح و مختار ہوا ثالثاً بنائے اسی توہم پر مجیب بھی کہسکتا ہے کہ خیر
جو محل اختلاف حال غیم مذکور ہے وہ فقط قول شیخ الاسلام کا برخلاف سبکے ہے جسکو
صاحب ذخیرہ نے بتصریح ذکر کیا اور تمام فقہانے اختیار نہین کیا فالجواب الجواب
قال بعض العلماء اور ذخیرہ والے نے قول اکثر کا اولاً الخ اقول ذخیرہ والے
نے قال الاکثر نہین لکھا بلکہ قال شیخ الاسلام لکھا ہے معترض کا یہ توہم و جہل ہے کما مر
قال اور تعجب مجیب ذہن اول سے ہے الخ اقول منشا تعجب عدم فہم مراد مجیب ہے
مقصود مجیب یہ ہے کہ جب بحال غیم حل افطار اتفاقاً علی التحقیق بقول راجح ثابت ہوا
اور شبہہ بالحق ٹھہرا پس اب افطار نکرنا خلاف احتیاط ہے کہ ظن ارتکاب صوم منہی عنہ

کا ہی اور خیال ترک وزہ فرض بقول مقابل تحقیق وغیرا شبہ بالحق ہی فلا یکون
معارضا لما لا یخفی **قال** بعض العلما عجب ہی کہ جب ثابت ہوا کہ اکثر محل خلاف
صورت تعمیم قرار دیتے ہین **اقول** ادا کثر سے اگر اکثر موہوم معترض ہین تو یہ قول
غلط فاحش ہی درحقیقت وہ ایک شیخ الاسلام ہی نہ اکثر اور اگر اور فقہا مراد ہین تو وہ
اکثر نہین بلکہ اقل ہین معترض نے اس دعوے پر کہ حال صحو مین بالاتفاق افطار
منکر ہا چاہیے عبارات ان کتب کی لکھین اشباہ حموی عن الذخیرہ جامع الرموز تنویر الابصار
ردمحتار طحطاوی فقط اشباہ مین یہ مسألہ علی الاطلاق ہی نہ مقید بحال صحو فلیس لہ حجۃ
بل علیہ حموی مین یہ قول ذخیرہ عن شیخ الاسلام وشمس الائمہ نقل کیا ہی اور ترجیح کسیکی
بیان نہین کی تنویر الابصار کا استدراک خود صاحب در مختار نے کیا ہی ردمحتار
وطحطاوی مین خلاف دعوی معترض مرقوم ہی اب فقط قول صاحب جامع الرموز باقی
رہا اوسمین صراحۃ حال صحو مین اتفاق مذکور نہین الغرض دعوی مذکور پر معترض کوئی دلیل
صریح ومطابقی بیان نہ کر سکا وانی لہ ذلک وہو خلاف تصریحات القوم **قال**
سبحان اللہ یہ علامہ اتنا نہین سمجھتے کہ استاذ علامہ نے جواب برسبیل تنزل لکھا تھا
والا جواب اول یہی تھا کہ قول عدل رویت ہلال مین شرط ہی وہو مفقود فیما نحن فیہ
کما لا یخفی **اقول** اولاً استاذ علامہ نے جواب مین کسیطرح کا اشارہ
طرف تنزل کے نہین کیا اور شہادت مذکورہ پر کچھ بحث نہین کی پھر مجیب اول
المعنی فی بطن الشاعر کیونکر سمجھتا ثانیا یہ توجیہ القول بما لا یرضی بہ قائلہ ہی استاذ علامہ

اسکا جی اظہار روا جب لکھا سبحان اللہ یہ علامہ اتنا نہین سمجھتے کہ استاذ علامہ نے جواب برسبیل تنزل لکھا تھا والا اول جواب یہی تھا کہ قول عدل رویت ہلال مین شرط ہی وہو مفقود فیما نحن فیہ کما لا یخفی علیکم ایہا المسلمون فتامل ولا تعصف علینا ان لا تتبع الہوی فان ذا من نزغات الشیطان عصمنا اللہ تعالی بمنہ وکمال کرمہ و لعل الحق لا یتجاوز عما حرز وہذا ہو الذی قال المجیب الاول لکل بما نجلسہ بعد ولا ... فی ہذا ما ظہر

موصوف نے عیدگاہ مین علی رؤس الاشہاد حکم قضاے ایک روزے کا سبکو دیا بناے
قبول شہادت مذکور ثانیاً استاد علامہ موصوف نے ۱۲۹۷ھ ہجری مین تصحیح جواب
مسالہ مذکور فرمائی ہے اور اوسپر مہر اپنی ثبت کی ہے یعنی بعد ثبوت رمضان بخبر واحد
عدل یا مستور الحال اور گذرنے تیس دن کے اگر رویت ہلال شوال بسبب ابر وغیرہ
نہو تو افطار کرنا چاہیے اور قضا ایک روزے کی رکھنا چاہیے باقی رہا شبہ فقدان
عدالت رائی ہلال مذکور رسالہ مسطورہ مین اثبات اوسکا ذمہ معترض ہے الغرض بوجہ
اتم ظاہر ہوا کہ مدار تحریر معترض کا توہمات ضعیفہ و تخیلات سخیفہ پر ہے وبس اور اسپر یہ تفاخر
کہ اس کے آخر مین لکھا ہے ولعل الحق لا یتجاوز عما حررنا اللهم احفظنا **قال**
فتامل ولا تعسف وعلیك ان لا تتبع الهوی **اقول** أتأمرون الناس بالبر
وتنسون انفسکم الایه فقط وما توفیقی الا بالله المجیب علیه توکلت والیه
انیب حررت هذه الوریقات لالحاح بعض المحبین واصرار بعض المخلصین وآخر دعونا ان الحمد
لله رب العلمین والصلوة والسلام علی سید المرسلین محمد وآله واصحابه اجمعین الی یوم الدین
وانا العبد الراجی مغفرة الله القوی محمد عبد الغفار الکھنوی تجاوز الله العلی عن ذنبه الخفی
والجلی وصانه عن شر کل غبی وغوی قد تم ذلك فی خامس المحرم سنة تسع وتسعین ۱۲۹۹
بعد الالف والمائتین من هجرة سید الثقلین علیه الصلوة والسلام من المشرق الی المغرب

خاتمة الطبع الحمد لله والمنة کہ یہ مجموعہ فتاوای علماے کانپور و لکھنؤ و دہلی و بھوپال و دیوبند و سہارنپور
و کول و حیدرآباد و پشاور وغیرہ مع جواب شبہات مباحثین مطبع نظامی واقع کانپور مین عشرہ اولی
ماہ مبارک ربیع الاول ۱۲۹۹ ہجریہ کو حسن انتظام حافظ محمد ابو سعید خان صاحب سے مطبوع ہوا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سوال

کیا فرماتے ہین علماے دین متین اس صورت مین کہ رمضان شریف کا چاند حالت ابر مین بطور شرعی ایک شخص کی گواہی سے ثابت ہوا اب بعد گذر جانے تیس روز کے حالت ابر مین اگر ہلال شوال نظر نآوے تو افطار جائز ہے یا نہین بینوا بالکتاب توجروا عند اللہ الوہاب

ھو المصوب

سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا إِنَّكَ أَنْتَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ صورت مسئولہ مین اگرچہ فقہا کا اختلاف ہے مگر راجح اور مفتی بہ یہی معلوم ہوتا ہے کہ افطار چاہیے چنانچہ عالمگیری مین ہے اذا صاموا بشہادۃ الواحد واکملوا ثلثین یوما ولم یروا ہلال شوال لا یفطرون فیما روی الحسن عن ابی حنیفۃ رحمہما اللہ للاحتیاط وعن محمد انہم یفطرون کذا فی التبیین وفی غایۃ البیان قول محمد اصح کذا فی النہر الفائق وقال شمس الائمۃ الحلوانی ہذا الاختلاف فیما اذا لم یروا ہلال شوال والسماء مصحیۃ فاما اذا کانت متغیمۃ فانہم یفطرون بلا اختلاف کذا فی الذخیرۃ وھو الاشبہ ہکذا فی التبیین انتہی عالمگیری کی عبارت سے واضح ہوا کہ صاحب غایۃ البیان امام محمدؒ کے قول کی تصحیح کرتے ہین اور صاحب نہر اوسکو تسلیم کرتے ہین اور صاحب تبیین اسی امر کو اشبہ کہتے ہین اور عالمگیری مین انہین اقوال کا منقول ہونا جیسے بخوبی ظاہر ہے کہ مذہب صحیح اور مفتی بہ حالت ابر مین افطار ہے اس امر کو بخوبی ثابت کرتا ہے کہ جامع عالمگیری کے نزدیک اسی مذہب کو ترجیح ہے ورنہ کچھ نہ کچھ اسپر جرح کرتے یا قول مخالف نقل کرکے اوسکی تائید کرتے اور مولانا بحر العلوم لکھنوی ارکان اربعہ مین شیخین اور امام محمد رحمہما اللہ کا اختلاف نقل کرکے امام محمد کے قول کو لیتے ہین و ہذا القول ارفق اور حموی نے شرح الاشباہ والنظائر مین بعد نقل اختلاف

اور یہ امر معلوم ہوا کہ باتفاق فقہا امام محمدؒ کے نزدیک حالت ابر مین افطار ١٣٦٥

لکھا ہی و فی البیانیۃ قول محمد صحیح قال الشارح والاشبہ ان یقال ان کانت السماء مصحیۃ لا یفطرون
لظہور الغلط وان کانت متغیمۃ یفطرون لعدم ظہورہ انتہی اس عبارت سے معلوم ہوا کہ
صاحب بیانیہ اور شارح کے نزدیک مذہب صحیح اور مفتے بہ یہی ہی کہ حالت ابر مین افطار کرے اور
حموی کا اولا ذخیرہ سے فقط اختلاف بیان کرنا اور آخر مین وہ قول نقل کرنا جسمین حالت ابر مین
افطار کو ترجیح ہی اس امر کو ظاہر کرتا ہی کہ اوسکے نزدیک بھی اسی مذہب کو ترجیح ہی اور زیلعی نے
شرح کنز مین بعد بیان اختلاف لکھا ہی والاشبہ ان یقال ان کانت السماء مصحیۃ لا یفطرون لظہور
غلطہ وان کانت متغیمۃ یفطرون لعدم ظہور الغلط انتہی اور کسی قول کو اشبہ کہنے سے فقہا کی
غرض یہ ہوتی ہی کہ یہ قول مفتی بہ ہی چنانچہ حموی نے شرح اشباہ مین لکھا ہی معنی قولہم الاشبہ
انہ اشبہ بالمنصوص روایۃ والراجح درایۃ فیکون الفتوی علیہ کذا فی قضاء البزازیۃ انتہی
اور ایسا ہی رد المحتار مین ہی ان اقوال سے بخوبی صورت مسئولہ مین افطار کا راجح اور مفتی بہ ہونا
ثابت ہوا اور معلوم ہوا کہ فقہا کے نزدیک از راہ نقل و عقل اسیکو ترجیح ہی چنانچہ نقل کے
اعتبار سے اسکا راجح ہونا آگے بیان کیا جائیگا اور عقل کی روسے اس وجہ سے ترجیح ہی کہ اس صورت
مذکورہ مین بعد تیس دن کے افطار نکیا جائے تو قضاے قاضی کا فسخ لازم آئیگا جب ایک شخص کی شہادت
سے قاضی نے روزے کا حکم کر دیا اور رمضان کے ثبوت کو مان لیا تو ضمنا یہ بھی کہدیا کہ اگر رمضان
کی اونتیس کو چاند نہو تو بعد تیس روزے کے افطار کرنا چاہیے کیونکہ کوئی مہینا تیس روز سے زائد کا نہین
ہوتا پس جب تیس روزے پورے ہوگئے تو بموجب قضاے سابق افطار ضرور ہوگیا اب اگر افطار
کا حکم نہ دیا جائے تو قضاے قاضی کا فسخ لازم آئیگا اور صیانت قضاے قاضی بہت ضرور ہی
چنانچہ ناظرین کتب فقہ پر پوشیدہ نہین ہی علامہ زین بن نجیم صاحب البحر الرائق رسائل زینیہ مین کہتے
ہین ان القضاء لا ینتقض لو لم یظہر الخطاء بیقین فی المجتہدات لا یتبین ذلک انتہی غرضکہ یہ وجہ ایسی ہی ... برور عز ...

دونون مین مشترک تھی اسوجہ سے امام محمد صاحب دونون جانتے ہین افطار کا فتوی دیتے ہین مگر مطلع صاف ہونیکی تقدیر پر یہ امر ظاہر ہوتا ہی کہ قضاے قاضی ایک امر غلط پر ہوے تھے اسوجہ سے شیخین اسوقت اوسکا اعتبار نہین کرتے اور جب مطلع صاف نہین ہی تو کوئی وجہ ایسی نہین پائی جاتی جسکی وجہ سے قضاے سابق غیر معتبر ٹھہرائی جاوے اور صاحب درمختار اور شامی اور طحطاوی کے کلام سے صورت مذکورہ مین افطار کو ترجیح معلوم ہوتی ہی کیونکہ صاحب درمختار نے اول ماتن کا قول منح الغفار سے نقل کیا جسمین حالت غیم مین عدم افطار کو ترجیح دی ہی اور محل اختلاف اسی حالت کو قرار دیا ہی پھر اوس سے استدراک کرکے بحوالہ ابن کمال ذخیرہ سے حالت مذکورہ مین اتفاق نقل کیا جس سے یہ امر ثابت ہوا کہ حالت غیم مین اختلاف بیان کرنا اور عدم افطار کو ترجیح دینا منظور فیہ ہی کیونکہ اس حالت مین جب ائمہ ثلاث کا افطار پر اتفاق ہی تو لامحالہ مذہب صحیح اور مفتی بہ یہی ہوگا اور پھر اس مذہب کے مفتی بہ ہونے کو جسے پہلے ضمناً بیان کیا تھا زیلعی کی عبارت نقل کرکے صراحۃً ذکر کیا اور اوسکی تائید کی اس طرز بیان مین بنظر انصاف غور کرنیسے ظاہر ہوتا ہی کہ صاحب درمختار اوسی مذہب کو راجح قرار دیتا ہی جسے زیلعی نے راجح قرار دیا ہی اور اگر اس اسلوب سے قطع نظر کرکے یہ کہا جاوے کہ صاحب درمختار کی غرض نقل عبارت ابن کمال و زیلعی سے صرف بیان اختلاف ہی تو یہ کہا جاویگا کہ صاحب درمختار کے قول سے کسی مذہب کو ترجیح معلوم نہین ہوتی پس اوسکا قول کسی کے لیے حجت نہوگا کسیکو یہ خیال نہو کہ صاحب درمختار نے مطلقاً عدم افطار کو علی المذہب کہا ہی جس سے صاف ثابت ہوتا ہی کہ مطلقاً عدم افطار صاحب درمختار کے نزدیک صحیح ہی اسواسطے علی المذہب کی تصریح صاحب درمختار نہین کرتا بلکہ ماتن کا قول اوسکے کتاب منح الغفار شرح تنویر الابصار سے نقل کرتا ہی اور اسیواسطے کہتا ہی کذا ذکرہ المصنف وعبارتہ بہذا ولو صاموا بقول عدل حیث یجوز وغم ہلال الفطر لا یحل علی المذہب خلافاً لمحمد کذا ذکرہ المصنف لکن نقل ابن الکمال عن الذخیرۃ انہ ان غم ہلال الفطر حل اتفاقاً وفی الزیلعی الاشبہ ان غم حل والا لا اور علامہ شامی کے نزدیک حالت ابر مین افطار کا راجح ہونا عبارت ردالمحتار سے بچند وجوہ ثابت

ہوا ولا کہ مسئلہ متنازع فیہا سے کچھ پیشتر ثبوت رمضان ضمناً بدون شہادت جمع کے صحیح قرار دیکر مسئلہ
حلت افطار بشہادت واحد مین اوسکی نظیر بیان کی ہی اور اوسپر اقتصار کیا ... صاف ظاہر ہی کہ اونکے
نزدیک مختار حلت افطار ہی ... اور نظیرہ ما سنذکرہ فیما لو ثبت ... ہلال الفطر
لا یحل الفطر وان ثبت رمضان بشہادۃ واحد لثبوت الفطر ... لا یثبت قصداً الا
بالعدد والعدالۃ ہذا ما ظہر لی دوم یہ کہ صاحب تنویر الابصار کے قول کی تایید صرف انہین کی بلکہ جو
مذہب مخالف اونکے شارح نے استدلال کرکے بیان کیا تھا اوسکی دو طرح تایید کی ایک تو غایۃ البیان
سے ترجیح حلت افطار کی نقل کی دوسرے اتفاق حلت افطار بر ذخیرہ وغیرہ سے نقل کیا عبارت اوسکی یہ ہی
قولہ لکن الخ استدراک علی ما ذکرہ المصنف من ان خلاف محمد فیما اذا غم ہلال الفطر بان المصرح بہ فی الذخیرۃ
وکذا فی المعراج عن المجتبی ان حل الفطر ہنا محل وفاق وانما الخلاف فیما اذا لم یغم ولم یر الہلال فعندہما لا
یحل الفطر وعند محمد یحل کما قالہ شمس الائمۃ الحلوانی وحررہ الشرنبلالی فی الامداد قال فی غایۃ البیان
وجہ قول محمد وہو الاصح ان الفطر ما ثبت بقول الواحد ابتداء بل بناء وتبعاً فکم من شئی یثبت ضمناً
ولا یثبت قصداً وسئل عنہ محمد فقال ثبت الفطر بحکم القاضی لا بقول الواحد الخ انتہی تیسرے یہ کہ اوسکے
بعد ہی دوسرے قول مین تصریح اختلاف کی نفی کی چنانچہ اوسکا ذکر آگے آئیگا اور طحطاوی بھی اسی مذہب کا
پسندیدہ ہونا نور الایضاح سے نقل کرتے ہین چنانچہ قول شارح ان غم ہلال الفطر حل اتفاقاً کے بعد لکھتے
ہین ہو الذی اقتصر علیہ فی نور الایضاح انتہی ظاہر ہی کہ اگر طحطاوی کے نزدیک عدم افطار کو ترجیح ہوتی تو ایسا
قول نقل کرتے جس سے عدم افطار کا پسندیدہ ہونا ثابت ہوتا یا اس قول پر کچھ جرح کرتے کما لا یخفی علی اللبیب
المنصف ان اقوال سے یہ امر بخوبی ثابت ہوا کہ فقہا کے نزدیک حالت ابر مین افطار کو ترجیح ہی باقی رہا یہ امر کہ
یہ قول ائمہ ثلاث کا ہی یا فقط امام محمد کا اسمین بھی اختلاف روایت ہی شمس الائمہ حلوانی تو تصریح اتفاق ائمہ ثلاث
بیان کرتے ہین چنانچہ حموی اور شامی اور طحطاوی وغیرہ اکثر فقہا اسکی تصریح کرتے ہین اور قاضی خان

بھی یہی بات ثابت ہوتی ہے کیونکہ وہ اختلاف کو حالت صحو سے مقید کرتے ہین اور اپنے فتاوی مین لکھتے
ولو قضى القاضي بشهادة الواحد على هلال رمضان فصاموا ثلثين يوما ولم يروا الهلال والسماء
مصحية ذكرنا ان على قول ابي حنيفة رح لا يفطرون وعن محمد يفطرون وبه اخذ نصير بن يحيى انتهى اس عبارت
کا مفہوم مخالف صریح دلالت کرتا ہے کہ حالت عدم صحو مین قاضیخان کے نزدیک اختلاف نہین ہے اور نور الایضاح
مین بھی صورت مسئولہ مین بالاتفاق حل فطر بیان کیا ہے اور اوسکی شرح مراقی الفلاح مین اسیکو قول محقق قرار
دیا ہے وہ عبارۃ المتن مع الشرح ہکذا ولا خلاف فی حل الفطر اذا تم العدد وکان بالسماء علة ولو وصلية
ثبت رمضان بشهادة الفرد العدل كالعدلين اتفاقا على التحقيق انتهى وفي حاشية مراقي الفلاح للعلامة الطحطاوی
قوله اتفاقا على التحقيق يرجع الى شهادة الفرد العدل ومقابل التحقيق ان حل الفطر بشهادة الفرد قول محمد رح انتهى
اور علامہ مصطفے ابن ابی محمد احمد الطائی کنز البیان مین لکھتے ہین ولا خلاف فی حل الفطر اذا کان بالسماء
علة ولو ثبت رمضان بشهادة الفرد انتهى اور علامہ شامی بھی اتفاق کی تصریح کرتے ہین اسطرح کہ پہلے تو محل
اختلاف حالت غیم کو مصنف تنویر الابصار کے قول پر مبنی رکھا اور لکھا لا نزاع محل الخلاف على ما ذكره المصنف وغيره
... اور صراحت سے حالت غیم مین اختلاف نقل کیا جیسا کہ عبارت منقولہ سابقہ سے ظاہر ہے اور اوسکے بعد
لکھا ... حل الفطر ... ولو مجرد ... بناء على تحقيق الخلاف الذى نقل المصنف
... وحينئذ فما في غاية البيان في غير محله لانه ترجيح لما هو متفق عليه انتهى ... عبارتمین قول
وقد ... دلالت کرتا ہے کہ علامہ شامی کے نزدیک حالت غیم مین اختلاف نہین ہے اس بیان سے
واضح ہوا کہ شمس الائمہ اور قاضیخان حالت غیم مین حل افطار باتفاق ائمہ ثلاث نقل کرتے ہین اور صاحب نور الایضاح
اور مراقی الفلاح اور علامہ طحطاوی اس اتفاق کو مسلم رکھتے ہین اور محقق بتاتے ہین اور صاحب کنز البیان اور علامہ
شامی بھی اتفاق کی تصریح کرتے ہین ... یہ امر بھی معلوم ہوا کہ طحطاوی نے در مختار کی شرح مین حالت غیم مین جو اختلاف
کو حصر کیا ہے او ... ہے قوله مع غيم هلال الفطر او المعال ... قيد به لانه محل قول المخالف ... فالحمد لان خلافه انما هو فيه انتهى

اس سے یہ خیال نہ کرنا چاہیے کہ طحطاوی کے نزدیک حالت غیم مین اتفاق مسلم نہین ہی بلکہ اس مقام پر طحطاوی
کی غرض صرف بیان مطلب مصنف معلوم ہوتا ہی یعنی شارح نے غم ہلال الفطر کی قید اسلیے زائد کی ہی کہ اختلاف
شیخین اور امام محمد بیان کیا ہی اور اختلاف تو متن کے نزدیک حالت غیم مین منحصر ہی جیسا اوسکی شرح منح الغفار
سے ظاہر ہی الحاصل طحطاوی کا یہ قول لانہ خلافہ انما ہو فیہ مطلق نہین ہی بلکہ بناء علی ذکرہ المصنف
کی قید اوسمین ضرور ہی ورنہ حاشیہ مراقی الفلاح مین اسکو خلاف تحقیق کہنا صحیح نہوگا اور یہ امر اوسی در مختار
کی شرح سے بھی ثابت ہوتا ہی کیونکہ قول مذکور کے بعد ہی حالت غیم مین اتفاقاً حلت افطار کی نور الایضاح اور
امداد الفتاح سے تایید کی ہی وعبارتہ ہذا قولہ ان غم ہلال الفطر حل اتفاقاً وہو الذی ارتضاہ فی نور الایضاح
وحررہ فی امداد الفتاح ونقل عن الحلوائی ان خلاف محمد فیما اذا لم یروا ہلال شوال والسماء مصحیۃ انتہی یہ تایید
اس امر کو ثابت کرتی ہی کہ طحطاوی کا مختار اتفاق ہی کما لایخفی علی المتامل آمدن بر سر بیان اکابر اور محققین نے صورت
مسئولہ مین بالاتفاق حلت افطار بیان کیا تو صاحب تنویر الابصار اور قہستانی کی ممانعت صریحہ سے یہ اتفاق
باطل نہین ہوسکتا ہی کیونکہ یہ دونون صاحب طبقہ سابعہ فقہا مین شمار کیے جاتے ہین اور شمس الائمہ اور قاضیخان
مرتبہ ثالث فقہا مین معدود ہین علما نے انکو مجتہد فی المسائل قرار دیا ہی چنانچہ رد المحتار مین مصرح ہی البتہ
صاحب ذخیرہ کا حالت غیم مین اختلاف نقل کرنا قابل غور ہوسکتا ہی مگر صاحب ذخیرہ نے اختلاف مذکور بیان کرنے
کے بعد ہی شمس الائمہ کا قول نقل کیا ہی اور پھر کسیکو ترجیح نہین دی اسوجہ سے صاحب ذخیرہ کے قول سے شمس الائمہ کا
قول مرجوح نہین ہوسکتا اور اگر یہ کہا جاے کہ صاحب ذخیرہ نے حالت غیم مین اختلاف کو مطلق چھوڑ دیا کسی ناقل
کی طرف نسبت نہین کی جیسا کہ حموی سے ظاہر ہی پھر عطف کر کے کہا وقال الحلوائی الخ اس سے معلوم ہوا کہ پہلا
قول اکثر کا ہی اور اکثر کا قول معتبر ہونا چاہیے خصوصاً نقل مین جواب اوسکا یہ ہی مانا ہمنے کہ صاحب ذخیرہ نے
حالت غیم مین اتفاق کو شمس الائمہ کی طرف منسوب کیا مگر اختلاف کو بھی شیخ الاسلام کیطرف منسوب کیا ہی اور لکھا ہی
ذکر شیخ الاسلام فی شرح کتاب الشہادات الواحد اذا شہد علی ہلال رمضان عند القاضی والسماء متغیمۃ و

قبل القاضی شہادۃ الناس بالصوم فلما اتموا ثلثین یوما وغم علیہم ہلال شوال قال ابو حنیفۃ وابو یوسف رحمہما اللہ تعالی یصومون من الغد فان کان یوم الحادی والثلثین ولا یفطرون وقال محمد یفطرون و قال شمس الائمۃ الحلوائی رحمہ اللہ ہذا الاختلاف فیما اذا لم یروا ہلال شوال والسماء مصحیۃ فاما اذا کانت متغیمۃ فانہم یفطرون بلا اختلاف انتہی اس صورت مین قولون کی نسبت اکثر کیطرف ثابت نہوی اور جموی نے صاحب ذخیرہ کا پورا قول نقل نہین کیا اصل کتاب کی عبارت اسیطرح ہی جسطرح یہان نقل کی گئی علاوہ ازین یہ بھی کہہ سکتے ہین کہ کسی قول کو قائل کیطرف نسبت نکرنے سے نہ تو یہ ثابت ہو سکتا ہی کہ یہ قول اکثر کا ہی اور نہ عبارت ذخیرہ مین وقال الحلوائی کا عطف اس امر کو مقتضی ہی کہ معطوف علیہ قال الاکثرون تھا لانکہ حرف معطوف علیہ کا مقتضی ہی اور وہ اقتضا اسطرح بھی پورا ہو سکتا ہی کہ معطوف علیہ قال البعض نکالا جا بلکہ اسکو اسوجہ سے ترجیح ہی کہ رفع ضرورت اسی قدر سے ہو سکتی ہی اور جب رفع ضرورت اسی قدر سے ہو گئی تو امر زائد کا ثبوت بلا ضرورت رہگیا اب اوسکے ثبوت کے لیے دلیل ہونا چاہیے اس تقدیر پر ان دونون قولون مین یہ فرق البتہ نکلا کہ پہلے قول کا قائل تو مجہول الحال ہی اور دوسرے قول کا قائل معلوم ہی کہ بڑا شخص مجتہد فی المسائل ہی تو پھر ایسے معلوم الحال کے قول پر مجہول الحال کے قول کو کیونکر ترجیح ہو سکتی ہی اور اگر یہ کہا جاے کہ حسن بن زیاد امام اعظم سے مطلقا عدم افطار صورت مذکورہ مین روایت کرتے ہین چنانچہ ہدایہ مین ہی ثم اذا قبل الامام شہادۃ الواحد وصاموا ثلثین یوما لا یفطرون فیما روی الحسن عن ابی حنیفۃ للاحتیاط ولان الفطر لا یثبت بشہادۃ الواحدۃ وعن محمد انہم یفطرون ویثبت الفطر بناء علی ان ثبوت الرمضان بشہادۃ الواحد وان کان لا یثبت بہا ابتداء کاستحقاق الارث بناء علی النسب الثابت بشہادۃ القابلۃ انتہی اور ایسا ہی عالمگیری مین ہی جیسا کہ اوپر گذرا اور جب حسن بن زیاد نے مطلقا عدم افطار روایت کیا تو معلوم ہوا کہ حالت غیم اور حالت صحو دونون مین امام اعظم کے نزدیک افطار نہین ہی اور جب حسن بن زیاد کی روایت شمس الائمہ کے مخالف ہوی تو لا محالہ حسن بن زیاد کی روایت کو مرجح ہونا چاہیے

کیونکہ حسن بن زیاد امام صاحب کے شاگرد ہین اور شمس الائمہ کی چوتھی صدی مین پیدائش ہی اسکا جواب ہی کہ
شمس الائمہ ایسے شخص نہین ہین کہ اونکا قول بلا ضرورت شدید لایعبأ بہ کردیا جاے اسوجہ سے ضرور ہی
کہ اول جہانتک ممکن ہو دونون روایتونمین تطبیق دینا چاہیے۔ البتہ اگر تطبیق نہو سکے اوسوقت ترجیح مناسب
ہی جیسا کہ اصول کا قاعدہ ہی اور یہان تطبیق ظاہر ہی کہ حسن بن زیاد کی روایت کو مقید کردیا جاے اور کہا
جاے کہ عدم افطار حالت صحو مین مقصود ہی اس توجیہ سے کسی کے قول کا اہمال لازم نہین آتا اور بغیر توجیہ کے
ایک قول کا اہمال لازم آئیگا والاعمال اولی من الاہمال علاوہ اسکے علامہ مصطفی بن ابی سعید نے
کنز البیان مین روایت حسن کو بتصریح حالت صحو سے مقید کیا ہی عبارتہ ہذا فاذا تم العدد بشہادۃ فرد
ولم یر ہلال الفطر والسماء مصحیۃ لا یجب الفطر وروی الحسن عن الامام وہو قول ابی یوسف
وسئل عنہ محمد فقال ثبت الفطر بحکم القاضی لا بقول الواحد وفی غایۃ البیان قول محمد
اصح انتہی اور علامہ طحطاوی کا اتفاق کو مسئلہ مذکورہ مین محقق قرار دینا بھی اس امر کو ثابت کرتا ہی کہ حسن
کی روایت مقید ہی پس جسطرح مقتضاے عقل بھی یہی ہی اور بعض علما کی تصریح سے بھی ثابت ہوا کہ حسن کی روایت
مطلق نہین ہی بلکہ حالت صحو سے مقید ہی پھر کیا وجہ ہی کہ بعض نے روایت کو جو مطلق روایت کیا ہی اور اسکے
اطلاق کی اسقدر رعایت کی جاے کہ بعض اکابر کی تکذیب لازم آئے اور اونکا قول لایعبأ بہ قرار دیا جاے
الحاصل اس بیان سے عقلاً اور نقلاً شمس الائمہ کے نقل کو ترجیح معلوم ہوتی ہی واللہ اعلم بحقیقۃ الحال
جب مسئلہ مذکورہ مین اتفاق ائمہ ثلاثہ محقق اور راجح ٹھہرا تو یہ شبہ بالکل رفع ہوگیا کہ حلت افطار
امام محمد کا مذہب ہی اور حرمت افطار شیخین کا قول ہی اور شامی اور طحطاوی البحر الرائق سے نقل کرتے
ہین المقرر عندنا انہ لا یفتی ویعمل الا بقول الامام الاعظم ولا یعدل عنہ الی قولہما
او قول احدہما الا بضرورۃ کمسئلۃ المزارعۃ وان صرح المشائخ بان الفتوی علی قولہما
انتہی پس جب عند الاختلاف امام صاحب ہی کے قول پر فتوی دینا درست ہی اگرچہ صاحبین

ایک طرف ہون اور شارح نے اونکے قول پر فتوی بھی دیا ہی تو جسوقت امام صاحب کے ساتھ ابو یوسف
بھی ہون تو بطریق اولی اوسکے خلاف پر فتوی دینا جائز نہوگا الغرض یہ شبہہ بر تقدیر ثبوت اتفاق
تو وارد ہی نہین ہوتا اور اگر اتفاق ثابت نہو تو بھی یہ حکم علی الاطلاق صحیح نہین ہو سکتا بہت سے مسائل
ایسے نکلینگے جسمین امام صاحب کے خلاف پر فتوی دیا گیا ہی اور وہی معمول بہ اور مختار ہی چنانچہ ناظرین
کتب فقہ پر پوشیدہ نہین ہی اسیواسطے علامہ شامی نے البحر الرائق کے قول مذکور کو کتاب القضا مین
رد کیا ہی اور لکھا ہی فی فتاوی ابن الشلبی لا یعدل عن قول الامام الا اذا صرح احد من المشائخ
بان الفتوی علی قول غیرہ وبہذا سقط ما بحثہ فی البحر من ان علینا الافتاء بقول الامام وان
افتی المشائخ بخلافہ وقد اعترضہ محشیہ خیر الرملی بما معناہ ان المفتی حقیقۃ ہو المجتہد
فکیف یجب علینا الافتاء بقول الامام وان افتی المشائخ بخلافہ ونحن انما نحکی فتواہم لا غیر
(الی ان قال) قولہ معتمد مذہبہ ای الذی اعتمدہ مشائخ المذہب سواء وافق قول الامام او خالفہ
لما قررناہ انفا انتہی اور عبارت مذکورہ سے پہلے یہ بھی لکھا ہی ان الاصح ہو ان المجتہد فی المذہب
من المشائخ الذین ہم اصحاب الترجیح لا یلزمہ الاخذ بقول الامام علی الاطلاق بل علیہ النظر
فی الدلیل وترجیح ما رجح عندہ دلیلہ ونحن نتبع ما رجحوہ واعتمدوہ کما لو افتوا فی حیاتہم انتہی
یہان سے معلوم ہوا کہ جس قول کو مشائخ مذہب ترجیح دین ہم مقلدین کو اوسکی اتباع چاہیے اگرچہ
قول امام کے خلاف ہو اور حلت افطار کو صورت مسؤلہ مین مشائخ کی ترجیح ظاہر ہی جیسا کہ اوپر مذکور ہوا
البتہ جواب مذکور پر ایک شبہہ یہ ہوتا ہی کہ صورت مسؤلہ مین افطار کا حکم دینا حکم متون کے خلاف ہی
چنانچہ نقایہ مین ہی و بعد صوم ثلثین بقول عدلین حل الفطر و بقول عدل لا انتہی اور ایسا ہی
وقایۃ الروایہ مین ہی ان متون مین صورت مسؤلہ مین علی الاطلاق عدم افطار کا حکم ہی خواہ حالت غیم ہو
یا نہو اور بہت متون اور شروح مین بھی یہی حکم ہی جامع الرموز مین ہی و بعد صوم ثلثین بقول

واحد لا یحل الفطر الا اذا صاموا یوما آخر سواء تغیم السماء فی الزمانین او لا وقال محمد ولو تغیم السماء فیهما
حل الفطر فان الحلول فی لا اختلاف فیه وانما الخلاف فیما اذا اصحیت فی الفطر کما فی الذخیرة انتهی اور فتاوی سراجیہ
وغیرہ میں بھی مطلقا عدم افطار کا حکم ہے پس جب جواب مذہب کو حکم متون کے خلاف ہوا تو اوس پر فتوی دینا چاہیے کیونکہ متونکو شروح اور فتاوی
پر ترجیح ہے جواب امر جو مشہور ہے کہ متون کو شروح وغیرہ پر تقدم ہے ان متون سے مراد نقایہ و وقایہ اور تنویر نہیں ہے
بلکہ اس سے مقصود مختصرات متقدمین اور اکابر متاخرین ہیں فاضل ہارون بن بہاؤ الدین ناظورۃ الحق میں
لکھتے ہیں اما المختصرات التی صنفها حذاق الائمة وکبار الفقهاء الاجلة المعروفین بالعلم والزهد والفقه
والثقة فی الروایة کابی جعفر الطحاوی وابی الحسن الکرخی والحاکم الشهید المروزی وابی الحسن القدوری
ومن فی هذه الطبقة من علمائنا فهی موضوعة بضبط قول صاحب المذهب وجمع فتاواه المرویة عنه
فهی ملحقات بمسائل الاصول وظواهر الروایات فی صحتها وثقة رواتها ومن ذلک شتهر المتون کالنصوص
وانها متقدمة علی ما فی الشروح وما فیها علی الفتاوی ولیس المراد من المتون الا مختصرات هؤلاء من حذاق
الائمة والفقهاء الاجلة واما المختصرات التی جمعها المتاخرون کالوقایة والکنز والنقایة وغیرها فان مصنفیها
وان کانوا علماء صالحین وفضلاء کاملین لیسوا بهذه المثابة من التنقید والفقاهة مع خلو کلامهم عن الحجة
والاسناد وعدم سلامته عن نوع تغیر وخلط وتصرف فی التعبیر انتهی کذا فی النافع الکبیر اور اگر
متون سے مراد یہی وقایہ و کنز وغیرہ لیجائیں جیسا کہ در مختار سے معلوم ہوتا ہے تو جواب اسطرح دیا جائیگا کہ متونکی ترجیح
شروح وغیرہ پر مطلقا نہیں ہے بلکہ اوس وقت ہے کہ متن اور شروح دونوں میں صراحۃ ترجیح مذکور ہو یا دونوں میں اطلاق ہو
اور اگر متن میں صراحۃ ترجیح مذکور نہیں اور شروح میں اسکی تصریح ہے تو شرح کو ترجیح ہوگی چنانچہ علامہ شامی رد المحتار میں لکھتے
ہیں صرحوا ان ما فی المتون مقدم علی ما فی الشروح وما فی الشروح مقدم علی ما فی الفتاوی لکن هذا عند التصریح
بتصحیح کل من القولین او عدم التصحیح اصلا اما لو ذکرت مسئلة فی المتون ولم یصرحوا بتصحیحها بل صرحوا
بتصحیح مقابلها فقد افاد العلامة قاسم ترجیح الثانی لانه تصحیح صریح وما فی المتون تصحیح التزامی والتصحیح

الصریح مقدم علی التصحیح الالتزامی کے التزام المتون ذکرہا ہو التصحیح تھے اور ظاہر ہے کہ متون مذکورہ مین مسئلہ مستفسرہ کی
تصحیح صریحی نہین ہے اور شروح مین اوسکی تصریح ہے جیسا کہ مذکور ہوا ہے پس یہی ثابت ہوا کہ صورت مذکورہ مین بعد تیس
دن کے حالت ابر مین افطار جائز ہے جب متون سے ترجیح نہو سکے باوجودیکہ اونمین تصحیح التزامی پائی جاتی ہے تو شروح اور فتاوی
سے کسطرح ترجیح ثابت ہوگی حالانکہ اونمین تصحیح التزامی بھی نہین ہے البتہ یہ امر بیشک ثابت ہوگا کہ اس مسئلہ مین فقہا کا اختلاف
ہے اور یہ امر ہمارے مدعا کے مضر نہین ہے کما لا یخفے ایک شبہ یہان پر یہ بھی ہوتا ہے کہ حالت صحو مین افطار کا جائز رکھنا نہایت
بعید معلوم ہوتا ہے پھر امام محمد صاحب باوجود مجتہد ہونیکے ایسے مذہب کے کیسے قائل ہوگئے اسکا رفع اسطرح ہو سکتا ہے جو امر
ہماری نظر مین بسبب کوتاہ نظر ہونیکے نہایت بعید معلوم ہوا اور کوئی وجہ اوسکے صحت کی ہمارے ذہن مین نگذرتی ہے تو ضرور
نہین ہے کہ ایک بڑے علامہ اور مجتہد کی بھی نظر وہانتک نہ پہنچتی ہو اور اوسکی عقل بھی اوسکو ویسا ہی بعید از عقل خیال
کرتی ہو جیسا کہ ہماری عقل تصور کرتی ہے بہت مسائل امام اعظم صاحب کے ایسے ہین کہ کوتاہ بینونکی نظر وہانتک نہین
پہنچتی ہے اور بہت بعید از عقل سمجھتے ہین غرضکہ اسی توجیہ سے یہ ثابت ہوگا کہ امام محمد صاحب اسکے قائل ہونگے نہایت
کوتاہ بینی ہے اور اس انتساب کی کیسے نفی ہو سکتی ہے حالانکہ اکابر فقہا اونکی طرف نسبت کرتے ہین اور قطع نظر اسکے
جو استحالہ بعلت افطار حالت صحو مین ایک شاہد کی شہادت پر ہوگا وہی دو شاہد کی شہادت پر ہوگا حالانکہ متون
و شروح سب مین مصرح ہے کہ اگر دو شاہدونکی شہادت سے رمضان کا ثبوت ہوا ہے تو بعد گذرنے تیس روز کے بالاتفاق افطار درست ہے اور اگر
کسی نے خلاف بھی کیا ہے تو وہ معتمد نہین فافہم و انصف اما طبل فی الباب او بعد علم الحقیقۃ الحال کتبہ العبد الفقیر الی اللہ الغنی
محمد علی الکانفوری اصلح اللہ حالہ و حسن مالہ   الجواب صحیح والرای نجیح   الجواب صواب

لقد سلک مسلک الصدق والسداد من اصاب و اجاد فیما اجاب و زاد اللہ فی علمہ و فضلہ و ابقے
فیضہ الی یوم التناد بحرمۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم و آلہ الامجاد واللہ سبحانہ اعلم باحکامہ علی العباد
العبد الخامل محمد عادل عاملہ اللہ تعالی بفضلہ الشامل وجعلہ من الآمنین یوم الرجف والزلازل
للہ در المجیب فانہ فی ہذا الجواب مصیب فقط کتبہ العبد الراجی رحمۃ ربہ القوی محمد عبد الغفار الکھنوی عفی عنہ
اس رسالہ کاملہ و عالیہ جامعہ کو اول سے آخر تک مطالعہ کیا نہایت صحیح اور مشحون جواہر آبدار اور مملو لآلی آبدار پایا

ہی قطع شکوک و اوہام کے لیے سیف صارم نظر آیا کیون نہو مولف مصنف اسکے ماہر فطین و کامل ذہین و واقف رموز شریعت کشاف فنون طریقت مفتح آثار دین متین و عامل سنت
و سید المرسلین ہین علیہ الصلوٰۃ والسلام و علی آلہ وصحبہ اجمعین کتبہ افقر عباد اللہ ذی المنن احمد حسن اقال اللہ عثراتہ یوم الجمعہ ربیع مدرسہ فیض عام کانپور فقط مطبع نظامی مین چھپا

۲۹۴۶۳۱
م ع ب
آخری درج شدہ تاریخ پر یہ کتاب مستعار
لی گئی تھی مقررہ مدت سے زیادہ رکھنے کی
صورت میں ایک آنہ یومیہ دیرانہ لیا جائے گا۔

م ع - ب

بدر الکمال فی مسالۃ رؤیۃ الھلال

[illegible]

۱- [illegible]

۲- [illegible]

۳- [illegible]

۴- [illegible]

۵- [illegible]

۶- [illegible]

۱- کتابوں پر کسی قسم کا نشان سیاہی یا پنسل سے [illegible]

۲- قلمی نسخے [illegible] کی کتابیں [illegible] فقط